**02-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

---------------------------------

**Music**

---------------------------------

☆ سینئر BJP رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ NDA حکومت کے دوران گذشتہ دس سال میں ملک میں زبردست تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں۔ ترنمول کانگریس کی سربراہ ممتا بنرجی نے مرکز پر مغربی بنگال کو نظرانداز کرنے کا الزام لگایا۔

☆ انتخابی کمیشن نے تمام سیاسی پارٹیوں سے کہا ہے کہ وہ اپنے اشتہارات، سروے اور ایپ کے ذریعے انتخابات کے بعد فائدہ پہنچانے والی اسکیموں کیلئے جاری رجسٹریشن پر روک لگائے۔

☆ بھارت نے Shaksgam وادی میں جاری تعمیراتی سرگرمیوں کے بارے میں حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے کی چین کی غیرقانونی کوششوں پر اُس کے ساتھ سخت احتجاج درج کروایا ہے۔

☆ اسرائیل نے غزہ پٹی کے شمال میں انسانی امداد پہنچانے کے واحد داخلی راستے، Erez سرحد کو دوبارہ کھول دیا ہے۔ جس سے کئی مہینوں سے جاری بحران کی صورتحال میں انسانی ہمدردی سے متعلق امداد کی فراہمی میں بہتری کی امید ہے۔

☆ خواتین کے ٹی-ٹوینٹی کرکٹ میں بھارت نے میزبان بنگلہ دیش کو سات وکٹ سے ہراتے ہوئے پانچ میچوں کی سیریز تین-صفر سے جیت لی ہے۔

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Overall Campaign**

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کیلئے انتخابی مہم تیز ہوگی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما، ملک بھر میں ایک کے بعد ایک ریلیاں کر رہے ہیں۔ تیسرے مرحلے کے تحت 10 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے میں پھیلے ہوئے 93 پارلیمانی حلقوں کیلئے اِس مہینے کی 7 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِس مرحلے کے

چناؤ کے ساتھ ہی شمالی مشرقی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام چار علاقوں انڈمان و نکوبار جزائر، پدوچیری، لکشدیپ، دادر و نگر حویلی اور دمن و دیو سمیت 16 ریاستوں میں انتخابات مکمل ہوجائیں گے۔

وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے کہا ہے کہ NDA سرکار کے تحت گزشتہ 10 سال میں ملک نے بڑے پیمانے پر تبدیلی کا مشاہدہ کیا ہے۔

انھوں نے کہا کہ بھارت عالمی معاملات میں ایک کلیدی ملک کے طور پر ابھرا ہے۔

دنیا بین الاقوامی تنازعات میں بھارت کو ایک ثالث کار ملک کے طور پر دیکھ رہی ہے۔ جناب مودی گجرات میں آنند کے مقام پر ایک انتخابی ریلی سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیر اعظم نے آج گجرات میں چار ریلیوں سے خطاب کیا۔

ترنمول کانگریس کی سربراہ ممتا بنرجی نے آج کہا کہ بنگال ترنمول کانگریس کی حکمرانی کے تحت ترقی کر رہا ہے۔ مرکزی سرکار نے ریاست کو نظر انداز کیا ہے۔ وہ مغربی بنگال میں Nadia ضلعے کے Tehatta کے مقام پر ایک عوامی میٹنگ سے خطاب کر رہی تھیں۔ وہ کرشنا نگر سے پارٹی امیدوار کی حمایت میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کر رہی تھیں۔

کانگریس کی قومی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے آج چھتیس گڑھ کے کوربا لوک سبھا حلقے کے تحت آنے والے چیرمری قصبے میں ایک عوامی میٹنگ سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ چھتیس گڑھ کی سابقہ کانگریس سرکار نے عوام کے مفادات میں بہت سے کام کیے اور چھتیس گڑھ کے لوگوں کی عزت نفس میں ہوا۔ انھوں نے مدھیہ پردیش مورینا میں بھی ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔

عام آدمی پارٹی کی لیڈر سُنیتا کجریوال نے آج گجرات میں چناؤ مہم میں حصہ لیا۔ انھو نے بھاؤ نگر کے امیدوار کی حمایت کیلئے Botad کے مقام روڈ شو کیا۔

اترپردیش میں مختلف سیاسی پارٹیوں کی سرکردہ شخصیات نے آج روڈ شوز اور ریلیاں کیں۔

BJP کے سینئر رہنما امت شاہ نے آج بریلی ضلع میں ایک انتخابی ریلی میں سماجوادی پارٹی کو تنقید کا نشانہ بنایا۔دوسری طرف سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے بدایوں میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔

بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی نے مین پوری میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔ x

## Nominations

ہریانہ اور مہاراشٹر میں آج متعدد امیدواروں نے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے۔ ہریانہ میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے امیدواروں نے اپنے کاغذات جمع کرائے۔ کروکشیتر پارلیمانی حلقے سے BJP کے امیدوار نوین جندل نے اپنی ماں، وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی اور ہریانہ کے وزیر مملکت سبھاش سودھا کی موجودگی میں اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے۔ کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کے بعد انھوں نے ایک عوامی ریلی سے خطاب کیا۔

عام آدمی پارٹی سے تعلق رکھنے والے آئی این ڈی آئی اتحاد کے امیدوار سشیل گپتا نے بھی کروکشیتر پارلیمانی سیٹ سے اپنا پرچہ داخل کیا۔ اپنا پرچہ داخل کرنے سے قبل انھوں نے بھی ایک روڈ شو کیا۔

مہاراشٹر میں حکمراں NDA کی جانب سے Dindori پارلیمانی حلقے سے BJP کی موجودہ رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر بھارتی پوار نے آج اپنی نامزدگی کا پرچہ داخل کیا۔ ناسک لوک سبھا سیٹ سے شیو سینا کے امیدوار ہیمنت گوڈسے نے بھی اپنے کاغذات جمع کرائے۔ کلیان پارلیمانی حلقے سے موجودہ رکن پارلیمنٹ شری کانت شندے نے بھی اپنے والد سمیت کنبے کے تمام افراد اور مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کی موجودگی میں اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے۔
دوسری طرف اپوزیشن کی جانب سے شیو سینا UBT کے امیدوار امول Kirtikar نے ممبئی شمال مغرب پارلیمانی حلقے سے اپنا پرچہ داخل کیا۔ کانگریس کے امیدوار بھوشن پاٹل نے ممبئی شمال پارلیمانی حلقے سے اپنے کاغذات جمع کرائے۔ x

## LS 5th Phase Nomination Last Date

لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا کل آخری دن ہے۔ پرچوں کی جانچ ہفتے کے روز ہوگی جبکہ پیر تک امیدواری واپس لی جاسکتی ہے۔

## BJP BSP UP List

BJP نے اترپردیش کی قیصر گنج اور رائے بریلی سیٹوں کیلئے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ BJP نے ریاستی سرکار میں وزیر دنیش پرتاپ سنگھ کو رائے بریلی سیٹ سے امیدوار بنایا ہے۔ دنیش پرتاپ سنگھ، فی الحال اترپردیش میں قانون ساز کونسل کے رکن ہیں۔ 2019 میں یہ واحد سیٹ تھی جہاں کانگریس پارٹی اترپردیش میں جیت حاصل کرنے میں کامیاب رہی تھی۔ کانگریس پارٹی کی سینئر رہنما سونیا گاندھی اِس سیٹ سے کامیاب ہوئی تھیں۔ اِس مرتبہ میں وہ چناؤ نہیں لڑ رہی ہیں۔ کانگریس نے یہاں سے ابھی تک اپنے امیدوار کا اعلان نہیں کیا ہے۔
قیصر گنج لوک سبھا سیٹ سے BJP نے قیصر گنج کے موجودہ رکن پارلیمنٹ برج بھوشن شرن سنگھ کے بیٹے کرن بھوشن سنگھ کو میدان میں اتارا ہے۔
کرن بھوشن سنگھ، قومی سطح کے شوٹر ہیں اور اترپردیش کُشتی فیڈریشن کے صدر بھی ہیں۔ دونوں لوک سبھا سیٹوں کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا، کل آخری دن ہے۔
دوسری طرف بہوجن سماج پارٹی نے پانچویں مرحلے کے تحت 6 لوک سبھا سیٹوں اور ضمنی چناؤ والے ایک اسمبلی حلقے سے پارٹی کے امیدواروں کی ایک اور فہرست جاری کی ہے۔ BSP نے پارٹی نے اعظم گڑھ اور ڈومریا گنج حلقوں سے اپنے امیدواروں کو بدل دیا ہے۔ اعظم گڑھ سیٹ سے اب صبیحہ انصاری کی جگہ مسعود احمد چناؤ لڑیں گے۔

## EC Advisory

انتخابی کمیشن نے آج تمام قومی اور ریاستی سیاسی پارٹیوں کو ایک ایڈوائیزری جاری کی ہے کہ وہ فوری طور پر کسی بھی ایسی سرگرمیوں سے باز رہیں، جس میں کسی بھی اشتہارات، سروے یا ایپس کے ذریعے انتخابات کے بعد مستفیدین پر مبنی اسکیموں کیلئے لوگوں کا اندراج شامل ہو۔ کمیشن نے کہا کہ انفرادی ووٹروں کو انتخابات کے بعد کے فوائد

کیلئے اندراج کیلئے مدعو کرنے یا ان کو بلانے کا عمل، یہ تاثر پیدا کرسکتا ہے کہ رائے دہندگان اور مجوزہ فائدوں کے درمیان براہ راست لین دین کی ضرورت ہے۔انتخابی کمیشن نے تمام ضلعی چناؤ افسروں کو ہدایت دی ہے کہ ایسے کسی بھی اشتہارات کے خلاف قانونی دفعات کے تحت مناسب کارروائی کریں۔ x

## Congress IT Cell Custody

تلنگانہ پولیس نے آج مرکزی وزیر داخلہ اور BJP کے سینئر رہنما امت شاہ کے ویڈیو کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کے ایک معاملے میں تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کی IT سیل کے پانچ افراد کو حراست میں لیا ہے۔ اِس معاملے کی تحقیقات کرنے والی دلّی پولیس کی ایک ٹیم بھی تلنگانہ میں موجود ہے۔ تاہم اُنھیں حیدرآباد سائبر جرائم کے اہلکاروں نے حراست میں لیا۔ BJP کی شکایت پر حراست میں لئے گئے افراد میں تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے سوشل میڈیا کے انچارج ایم ستیش اور TPCC کی ترجمان عصمہ تسلیم شامل ہیں۔ اس سے پہلے دلّی پولیس نے تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونتھ ریڈی کو سوشل میڈیا پر مبینہ طور پر ویڈیو پوسٹ کرنے کیلئے سمن جاری کیا تھا۔

اُن کے وکیل، کل دلّی پولیس کے سامنے پیش ہوئے اور کہا کہ کانگریس رہنما کا چھیڑ چھاڑ کی گئی ویڈیو تقریر بنانے یا اِسے پوسٹ کرنے سے کوئی لینا دینا نہیں ہے۔

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ اور تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے چار ممبروں کو فوجداری ضابطے کی دفعات 91 اور 160 کے تحت سمن جاری کیے گئے تھے۔ x

## MEA Breafing

بھارت نے Shaksgam وادی میں جاری تعمیراتی سرگرمیوں کے بارے میں حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے کی چین کی غیرقانونی کوششوں پر اُس کے ساتھ سخت احتجاج درج کروایا ہے۔ آج شام نئی دلّی میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت، Shaksgam وادی کو اپنا علاقہ مانتا ہے اور بھارت نے کبھی بھی 1963 کے نام نہاد چین - پاکستان سرحدی معاہدے کو قبول نہیں کیا۔ بھارت کے مطابق اِس معاہدے کے ذریعے پاکستان نے یہ علاقہ غیرقانونی طریقے سے چین کے حوالے کردیا تھا۔ انھوں نے کہا کہ نئی دلّی نے زمین پر حقائق سے چھیڑچھاڑ کی چین کی کوششوں پر بیجنگ کے ساتھ اپنا احتجاج درج کروایا ہے۔ جناب جیسوال نے مزید کہا کہ بھارت اپنے مفادات کے تحفظ کے سبھی حقوق محفوظ رکھتا ہے۔

بھارت نے بین الاقوامی مذہبی آزادی USCRIF پر امریکی کمیشن کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کو یہ کہتے ہوئے مسترد کردیا کہ یہ ایک جانبدار تنظیم ہے جس کا سیاسی ایجنڈا ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ یہ تنظیم اپنی سالانہ رپورٹ کی آڑ میں بھارت سے متعلق پروپیگنڈہ شائع کرتی ہے۔ جناب جیسوال نے مزید کہا کہ نئی دلّی کو اس بات کی کوئی امید نہیں ہے کہ USCRIF بھارت کی گوناگونیت، تنوع اور جمہوری روح کو سمجھ سکے گا۔ وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ دنیا کے سب سے بڑے انتخابی عمل میں مداخلت کرنے کی اُن کی کوششیں کبھی کامیاب نہیں ہوں گی۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات نے مغربی بنگال، جھارکھنڈ، اڈیشہ اور بہار میں آج تک گرمی کی شدید سے شدید ترین صورتحال کے جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ اِسی طرح کے حالات کَل تک جنوبی جزیرہ نما بھارت میں بھی جاری رہیں گے۔ مہاراشٹر، رائل سیما، گجرات، تمل ناڈو اور آندھراپردیش میں اگلے پانچ دن تک اور وسطی بھارت میں اتوار کے روز تک شدید گرمی کی صورتحال جاری رہے گی۔ محکمہ موسمیات نے مزید کہا کہ گنگائی مغربی بنگال، مشرقی جھارکھنڈ، شمالی اڈیشہ اور رائل سیما میں کَل تک درجہ حرارت 44 سے 47 ڈگری کے درمیان رہے گا۔ وہیں محکمہ موسمیات نے دلّی میں کَل تک دن کے اوقات میں تیز ہواؤں کے جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

اِس دوران کیرالہ میں بڑھتے درجہ حرارت اور گرم لُو کی وارننگ کے پیش نظر پیشہ ورانہ کالجوں سمیت تعلیمی اداروں کو پیر کے روز تک کیلئے بند کردیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنارائی وِجَیَن کی صدارت میں ہوئی قدرتی آفات سے نمٹنے کی اتھارٹی کی میٹنگ میں یہ فیصلہ لیا گیا۔ میٹنگ کے دوران کیرالہ میں گرمی کی شدید لہر کا جائزہ لیا گیا۔ لوگوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ صبح گیارہ بجے سے دوپہر تین بجے کے دوران باہر دھوپ میں نہ جائیں۔x

## Air India Operate A350

ایک اہم سنگ میل کے طور پر ایئر انڈیا نے اہم ہوائی جہاز کے بین الاقوامی پرواز کا آغاز کرتے ہوئے کل سے نہایت مصروف دلّی- دبئی فضائی راستے پر اپنے بالکل نئے ایئر بس A350-900 کی پرواز شروع کر دی ہے۔ اس کے ساتھ ہی ایئر انڈیا، بھارت اور دبئی کے درمیان A350 ہوائی جہاز چلانے والی واحد ایئر لائنز بن گئی ہے۔ ایئر انڈیا کی نئی دلیرانہ پوشاک میں رنگے ہوئے طیارے کا دونوں ہوائی اڈوں پر روانگی سے قبل کی تقریبات کے ساتھ استقبال کیا گیا۔ اِس موقعے کو یادگار بنانے کیلئے مہمانوں کو A350 یادگاری نمونہ پیش کیا گیا۔ x

## India-Indonesia Defence

بھارت اور انڈونیشیا کے درمیان مشترکہ دفاعی تعاون کمیٹی کی ساتویں میٹنگ کَل نئی دلّی میں منعقد ہوگی۔ بھارت کے دفاعی سکریٹری گریدھر ارمنے اور انڈونیشیا کے دفاعی سکریٹری جنرل، ریٹائرڈ ایئر مارشل Donny Ermawan Taufanto اِس میٹنگ کی مشترکہ صدارت کریں گے۔

انڈونیشیا کے سکریٹری جنرل آج سے 4 مئی تک بھارت کے دورے پر ہیں۔

اپنے دورے کے دوران وہ نئی دلّی اور پونے میں بھارتی دفاعی صنعتوں سے تبادلہ خیال بھی کریں گے۔x

## Issrael Reopens Gaza Crossing

اسرائیل نے غزہ پٹی کے شمال میں انسانی امداد پہنچانے کے واحد داخلی راستے، Erez سرحد کو دوبارہ کھول دیا ہے۔ یہ راستہ اکتوبر کے مہینے میں حماس جنگجوؤں کی جانب سے تباہ کردیئے جانے کے بعد سے بند تھا۔ اِس راہداری کے دوبارہ کھل جانے سے کئی مہینوں سے جاری بحران کی صورتحال میں انسانی ہمدردی سے متعلق امداد کی فراہمی میں

بہتری کی امید ہے۔ راہداری کو امریکی وزیر خارجہ اینٹنی بلنکن کے دورے سے مطابقت رکھتے ہوئے کھولا گیا ہے۔ امریکی وزیر خارجہ نے وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو سمیت اسرائیلی رہنماؤں سے ملاقاتوں کے دوران غزہ میں امداد کی فراہمی میں اضافے پر زور دیا ہے۔

Erez راہداری کو دوبارہ کھولنے کا قدم ایسے وقت میں اٹھایا گیا ہے جب جناب بلنکن، خطے کے اپنے ساتویں دورے میں ثالثی کی سفارتی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔

جناب بلنکن کے دورے کا مقصد اسرائیل اور فلسطینی جنگجوؤں کے درمیان قریب سات مہینوں سے جاری لڑائی میں جنگ بندی کروانا ہے۔ اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے جلد ہی جنوبی غزہ میں تازہ حملوں کا عہد کیا ہے۔ مصر اور قطر جنگ بندی کی کوششوں میں ثالثی کر رہے ہیں۔

اِس لڑائی میں دس لاکھ سے زیادہ غزہ کے رہائشی، نقل مکانی پر مجبور ہوگئے۔x

## US Market

امریکی فیڈرل بینک کی جانب سے اہم شرحِ سود کو جوں کا توں برقرار رکھنے کے بعد تینوں امریکی بازار کل ملے جلے ردِّعمل کے ساتھ بند ہوئے۔ S&P 500 اور Nasdaq میں گراوٹ درج کی گئی جبکہ Dow Jones کے صنعتی اِشاریے میں معمولی اضافہ دیکھا گیا۔ S&P 500 میں صفر اعشاریہ تین چار فیصد اور Nasdaq میں صفر اعشاریہ تین تین فیصد کی گراوٹ آئی۔ اِس کے برعکس Dow Jones کے صنعتی اِشاریے میں صفر اعشاریہ دو تین فیصد کا اضافہ درج کیا گیا۔x

## Women Cricket

خواتین ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں بھارت نے آج سلہٹ میں میزبان بنگلہ دیش کو 5 وکٹ سے ہرا پانچ میچوں کی سیریز جیت لی ہے۔

فی الحال بھارت کو سیریز میں تین- صفر کی سبقت حاصل ہے۔ سیریز کے چوتھے میچ میں آئندہ پیر کو اب بھارتی خواتین ٹیم کا بنگلہ دیش سے سامنا ہوگا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆